2024-08-21

Hrs 08.30

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں اسلم بیگ

پہلے اِس وقت کی خاص خاص خبریں

---

1 وزیر اعظم نریندر مودی آج پولینڈاور یوکرین کے تین روزہ دورے پر روانہ ہوں گے۔

2 UPSC نے حکومت کی طرف سے ہدایت ملنے کے بعد، افسر شاہی میں Lateral Entry کا اشتہار منسوخ کردیا ہے۔

3 EPFO میں اِس سال جون میں، 19 لاکھ 29 ہزار لوگ شامل ہوئے۔

4 بھارت نے جاپان سے کہا ہے کہ وہ اہم ٹکنالوجی سے ایک دوسرے کو واقف کرانے کی راہ میں حائل ضابطوں سے متعلق رکاوٹوں کو دور کرے۔

5 لوگوں کو آن لائن بنیاد پرست بنانے کی روک تھام پر دو روزہ بھارت-ای یو علاقائی کانفرنس آج نئی دلی میں شروع ہوگی۔

6 اور بین الاقوامی کرکٹ کونسل نے، خواتین کے 9 ویں ٹی ٹوئنٹی عالمی کپ کو، بنگلہ دیش سے، متحدہ عرب امارات منتقل کردیا ہے۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

PM Poland Ukraine Visit

وزیر اعظم نریندر مودی آج سے پولینڈ اور یوکرین کے ایک تین روزہ دورے پر روانہ ہوں گے۔

Warsaw میں جناب مودی کو، ایک باقاعدہ استقبالیہ دیا جائے گا۔ وزیر اعظم، پولینڈ کے اپنے ہم منصب ڈونالڈ ٹسک سے بات چیت کریں گے اور صدر Andrzej Duda سے ملاقات کریں گے۔ جناب مودی، بھارتی برادری، سرکردہ تاجروں اور بھارتی علوم کی ممتاز شخصیتوں سے بھی بات چیت کریں گے۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

VC- Anand / Pallavi

بھارت کے کسی وزیر اعظم کا پچھلے 45 سال میں یہ پہلا دورہ ہوگا۔ یہ دورہ ایسے وقت کیا جارہا ہے جب دونوں ملکوں کے سفارتی تعلقات کے 70 سال پورے ہورہے ہیں۔ یہ تعلقات 1992 میں

قائم ہوئے تھے۔ جناب مودی اُن یادگار مقامات پر بھی جائیں گے، جو پولینڈ کے، جام نگر اور کولہاپور کے ساتھ خصوصی تعلقات سے متعلق ہیں۔ وزیر اعظم اِس ماہ کی 23 تاریخ کو یوکرین کا سرکاری دورہ کریں گے۔ یہ دورہ یوکرین کے صدر **Volodomyr Zelenskyy** کی دعوت پر کیا جارہا ہے۔**Kyiv** میں وزیر اعظم کی سرگرمیوں میں دو طرفہ تعلقات کے بہت سے پہلو شامل ہیں جن میں سیاسی، تجارتی، اقتصادی، سرمایہ کاری، تعلیمی، ثقافتی، عوام سے عوام کے درمیان تبادلے، انسانی ہمدردی کی بنیاد پر امداد وغیرہ بھی شامل ہیں۔ جناب مودی، طلباء سمیت بھارتی برادری سے بات چیت کریں گے۔

اُن کے یوکرین کے اِس دورے سے، دو طرفہ تعلقات کو مزید جامع بنانے اور اِنہیں توسیع دینے میں مدد ملے گی۔

## Rev.  Lateral Entry

یونین پبلک سروس کمیشن **UPSC** نے عملے اور تربیت کے محکمے کی طرف سے ہدایات جاری کیے جانے کے بعد افسر شاہی میں **lateral entry** سے متعلق اشتہار منسوخ کر دیا ہے۔

اس سے پہلے حکومت نے **UPSC** سے کہا تھا کہ وہ یہ اشتہار منسوخ کر دے۔یہ قدم**UPSC** کی طرف سے مرکزی وزارتوں میں 45 جوائنٹ سکریٹریز، ڈائریکٹرز اور ڈپٹی سکریٹریز کے تقرر سے متعلق ایک اشتہار جاری کئے جانے کے کچھ ہی دن بعد اٹھایا گیا ہے، جس پر اپوزیشن پارٹیوں نے سوال اٹھایا تھا۔

وزیر اطلاعات و نشریات اشونی ویشنو نے اِس معاملے پر رد عمل ظاہر کرتے ہوئے کہا کہ **Lateral Entry** کو ریزرویشن کے اصولوں کے مطابق بنانے کے فیصلے سے، سماجی انصاف کے تئیں وزیر اعظم نریندر مودی کے عزم کا اظہار ہوتا ہے۔

## EFPO Members

ملازمین کے پرویڈنٹ فنڈ کی تنظیم، **EPFO** میں اس سال جون کے مہینے میں 19 لاکھ 29 ہزار اراکین کا اضافہ ہوا ہے۔ یہ اضافہ گذشتہ سال کی اسی مدت کے مقابلے 7 اعشاریہ آٹھ چھ فیصد زیادہ ہے۔

محنت اور روزگار کی وزارت نے کہا ہے کہ اراکین کی تعداد میں ہوئے اس اضافے کی وجہ روزگار کے بڑھتے موقع اور دیگر مختلف عوامل ہیں۔

اعداد و شمار سے ظاہر ہوتا ہے کہ اس سال جون کے مہینے میں 10 لاکھ 25 ہزار کے قریب نئے اراکین کا اندراج ہوا ہے۔

اعداد و شمار کا قابل توجہ حصہ 18 سے 25 سال کے نوجوانوں کی تعداد ہے جو اس سال جون کے مہینے میں   درج شدہ نئے اراکین کی تعداد کا لگ بھگ 59 اعشاریہ  ایک چار فیصد ہے۔

**Payroll** کے اعداد و شمار اس بات کی نشاندہی کرتے ہیں کہ لگ بھگ 14 لاکھ 15 ہزار اراکین نے **EPFO** سے اپنا نام خارج کروایا اور پھر دوبارہ اس میں شامل ہوگئے۔

یہ ہندسہ، گذشتہ سال جون کے مقابلے 11 اعشاریہ سات نو فیصد کی سال درسال نمو کو ظاہر کرتا ہے-x

## Jammu & Kashmir New Voters

جموں و کشمیر میں فوٹو والی انتخابی فہرستوں کی ایک مختصر خصوصی نظرثانی کے بعد 93 ہزار سے زیادہ نئے ووٹروں کو شامل کیا جا چکا ہے۔

ECI اہلکاروں کے مطابق اس کے بعد خطے میں رجسٹرڈ ووٹروں کی کُل تعداد 88 لاکھ 3 ہزار ہوگئی ہے۔ تصاویر والی انتخابی فہرستوں پر نظر ثانی کی خصوصی مہم، یکم جولائی 2024 کی تاریخ کو بنیاد بناکر جموں و کشمیر کے سبھی 20 ضلعوں میں مکمل کی گئی۔انتخابی کمیشن کے اہلکاروں نے بتایا ہے کہ خواتین ووٹروں اور پہلی بار ووٹ دینے والے افراد کی رجسٹرڈ تعداد میں خاطر خواہ اضافہ ہوا ہے۔

اہلکاروں نے بتایا ہے کہ اس طرح کی کوشش ایک باضابطہ عمل ہے تاکہ اِس بات کو یقینی بنایا جا سکے کہ ایک انتخابی فہرستیں تازہ ترین ہیں اور موجودہ فہرستوں کی صحیح ہونے کی عکاس ہیں۔

اِس دوران BJP نے آئندہ جموں و کشمیر اسمبلی انتخابات کے لیے پارٹی لیڈر رام مادھو اور مرکزی وزیر جی کشن ریڈی کو انتخابات میں انچارج کی حیثیت سے مقرر کیا ہے۔ مرکز کے زیر انتظام علاقے میں 18 اور 25 ستمبر اور ایک اکتوبر کو تین مرحلے میں انتخابات ہوں گے-x

## UP Arrest Order

اترپردیش کے سلطان پور کی ضلع عدالت نے اترپردیش پولس کو ہدایت دی ہے کہ وہ عام آدمی پارٹی کے رہنما سنجے سنگھ کو گرفتار کرے اور 28 اگست کو عدالت میں پیش کرے۔

سنجے سنگھ کی گرفتاری اور پیشی کا یہ حکم، دو دہائی قبل راستہ روکو احتجاج کی پاداش میں جاری کیا گیا۔

عدالت نے سنجے سنگھ کو قصوروار دئے جانے اور سماعتوں سے غیر حاضر رہنے کے بعد خود سپردگی نہ کرنے پر سخت اعتراض کیا۔

اس سے پہلے، 13 اگست کو عدالت نے سنجے سنگھ، سماجوادی پارٹی لیڈر انوپ سانڈا اور دیگر چار ملزمین کے خلاف غیر ضمانتی وارنٹ جاری کیا تھا۔ اس معاملے پر گذشتہ کل سماعت ہونی تھی۔

تاہم ملزمین عدالت کے روبرو پیش نہیں ہوئے۔ سال 2021 میں اُس وقت کی ڈیمو کریٹک سوشلسٹ پارٹی کے لیڈروں سنجے سنگھ اور انوپ سانڈا نے اپنے حامیوں کے ہمراہ سلطان پور میں بجلی کی کٹوتی کے خلاف احتجاج کے دوران ایک فلائی اوور کو بند کردیا تھا۔اس معاملے میں سلطان

پور کی خصوصی عدالت نے گذشتہ سال 23 جنوری کو سبھی 6 ملزمین کو قصوروار قرار دیا تھا۔x

**Gujarat Session**

گجرات قانون ساز اسمبلی کا تین روزہ مانسون اجلاس آج شروع ہوگا۔ اِس اجلاس میں چار نشستیں ہوں گی۔ یہ اجلاس اُن ارکان اور دیگر سرکردہ شخصیات کو خراجِ عقیدت پیش کئے جانے کے ساتھ شروع ہوگا جن کا حال ہی میں انتقال ہوگیا تھا۔

اجلاس کے دوران، GST ترمیمی بل، گجرات منشیات کی روک تھام سے متعلق ترمیمی بل اور گجرات خصوصی کورٹ بل سمیت پانچ بل ایوان میں پیش کئے جائیں گے۔

اِس دوران اپوزیشن کانگریس نے اِجلاس میں توسیع کیے جانے کا مطالبہ کیا ہے۔x

**BREAK**

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

**GONG**

**India Japan 2+2**

بھارت نے جاپان سے کہا ہے کہ وہ ضابطوں سے متعلق اُن رکاوٹوں کو دور کرے جو ایک دوسرے کو اہم ٹکنالوجی سے واقف کرانے کی راہ میں حائل ہیں۔ نئی دلی میں کَل تیسرے دو جمع دو مذاکرات میں بھارت اور جاپان نے مجموعی دفاعی تعلقات کو مزید توسیع دینے کی خواہش کے مطابق، سلامتی سے متعلق تعاون کیلئے ایک نیا فریم ورک تیار کرنے سے اتفاق کیا۔

مذاکرات میں بھارتی وفد کی قیادت وزیر خارجہ ایس جے شنکر اور وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے کی۔ جاپان کے وفد کی قیادت وزیر خارجہ یوکو کامیکاوا اور وزیر دفاع کیہارا مِنورو نے کی۔

ڈاکٹر جے شنکر نے اپنے خطبات میں کہا کہ دونوں ملکوں نے ٹکنالوجی، تحقیق اور صنعتی تعاون کیلئے نئے موقعوں پر بات چیت کی جن میں دفاع کا میدان بھی شامل ہے۔ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کہا کہ دونوں ملکوں کیلئے ایک آزاد، کھلا اور اصولوں پر مبنی بھارت-بحرالکاہل خطہ، اولین ترجیح ہے۔

**SB- S Jaishankar Indo Pacific**

انہوں نے جاپان کے شہر فوکو اوکا میں نیا قونصل خانہ قائم کرنے کے بھارت کے فیصلے کا اعلان کیا۔

جاپان کے وزیر خارجہ نے کہا کہ بھارت اور جاپان نے موجودہ صورتحال کو طاقت کے ذریعے تبدیل کرنے کی یکطرفہ کوششوں کے تئیں اعتراض کے اپنے عزم کو دہرایا۔ x

## VP India Africa Conclave

نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ آج نئی دلی میں 19ویں CII انڈیا-افریقہ بزنس کانکلیو کے افتتاحی اجلاس سے خطاب کریں گے۔

اِس تین روزہ کانکلیو کا موضوع ہے: ’’ایک مستقبل کی تشکیل‘‘۔ اِس کانکلیو میں تجارت، سرمایہ کاری، بنیادی ڈھانچے، طبی نگہداشت اور ٹیکنالوجی جیسے شعبوں پر توجہ مرکوز کی جائے گی۔ یہ کانکلیو کَل شروع ہوا تھا۔ 65 ملکوں کے گیارہ سو سے زیادہ بین الاقوامی مندوبین اِس کانکلیو میں شرکت کر رہے ہیں، جن میں سے 47 افریقی ممالک ہیں۔x

## India EU Conference

ایک، 2 روزہ ای یو-بھارت ٹریک 1.5 کانفرنس آج نئی دلی میں شروع ہوگی۔ بھارت اور یوروپی یونین، اِس علاقائی کانفرنس کا انعقاد، لوگوں کو آن لائن بنیاد پرست بنانے کے، موجودہ اور ابھرتے ہوئے خطرات پر تبادلۂ خیال، اور انتہا پسندوں اور دہشت گردوں کے ہاتھوں آن لائن استحصال کا، مل کر مقابلہ کرنے کے طور طریقے تلاش کرنے کے مقصد سے کریں گے۔

کانفرنس میں جنوبی ایشیا اور یوروپ کے وہ ماہرین، پالیسی ساز، ماہرینِ تعلیم اور قانون نافذ کرنے والے افسران یکجا ہوں گے، جو ڈجیٹل انتہاپسندی سے لڑنے میں پیش پیش ہیں۔

یوروپی یونین، ’گلوبل کاؤنٹر ٹیررزم کاؤنسل‘ اور وزارت خارجہ کے ساتھ مل کر، ایک اہم علاقائی کانفرنس کی میزبانی کرے گی۔

کانفرنس کا مقصد دہشت گردی سے نمٹنے کے بارے میں مذاکرات، اور خطے میں ایسی شراکتداری میں اضافہ کرنا ہے جو یوروپی یونین کی، بھارت-بحرالکاہل حکمت عملی پر مبنی ہے اور جس میں ایسے شراکتداروں کے ساتھ مزید گہرائی اور مضبوطی سے، سرگرمیوں کو مد نظر رکھا جائے، جن کے مقاصد اور چیلنجز مشترک ہوں۔ یہ کانفرنس ای یو اور بھارت کے درمیان دہشت گردی کا مقابلہ کرنے سے متعلق جاری سرگرمیوں کا حصہ ہے۔

پچھلی کانفرنس میں ڈرون دہشت گردی سے نمٹنے، سائبر سکیورٹی، غلط اور گمراہ کن جانکاری جیسے موضوعات کو شامل کیا گیا تھا۔x

## Nepal Project

سرحد پار تجارت کے لیے بھارت کی مستند اتھارٹی نے نیپال کے 12 پن بجلی پروجیکٹوں سے 251 میگاواٹ اضافی بجلی برآمد کرنے کو منظوری دے دی ہے۔

ایسا پہلی بار ہے جب نیپال، بجلی خریداری کے وسط مدتی معاہدے کے تحت بہار کے ذریعے بھارت کو بجلی برآمد کر رہا ہے۔

اس کے بعد 28 پروجیکٹوں سے مجموعی طور پر منظور شدہ بجلی کی مقدار 690 میگاواٹ سے بڑھکر 941 میگاواٹ ہوجائے گی۔ بھارت نے اکتوبر 2021 میں پہلی مرتبہ نیپال سے 39

میگاویٹ بجلی برآمد کرنے کی منظوری دی تھی-ادھر 3 سال سے کم مدت میں بجلی کی مقدار 24 گنا سے زیادہ بڑھ گئی ہے-x

## India Yemen Diplomatic Visit

گزشتہ ایک دہائی کے دوران بھارتی سفیر کے پہلے یمن دورے کے دوران بھارت کے سفیر ڈاکٹر سہیل اعجاز نے یمن کے صدر ڈاکٹر راشد العالمی کے روبرو عدن میں اپنے کوائف پیش کئے۔

یہ تاریخی موقع، بھارت اور یمن کے درمیان سفارتی تعلقات کی مضبوطی کو ظاہر کرتا ہے جہاں بھارتی سفیر خان نے یمن میں امن، استحکام اور ترقی کے تئیں بھارت کے عزم پر زور دیا۔

اس دوران یمن کے صدر ڈاکٹر العالمی نے دو طرفہ تعلقات میں مزید استحکام پیدا کرنے کی اپنی خواہش کا اظہار کیا۔

صدر ڈاکٹر العالمی نے بھارت اور یمن کے دیرینہ تعلقات کی جانب بھی توجہ مبذول کرائی۔

یمن کے صدر سے ملاقات کے علاوہ بھارتی سفیر ڈاکٹر خان کا مختلف مقامی رابطہ کاروں، سرکاری حکام اور بھارتی برادری کے اراکین سے ملنے کا بھی پروگرام ہے-x

## IICA Certification

کارپوریٹ امور کے بھارتی ادارے IICA نے وزارتِ دفاع کے تحت ڈائرکٹر جنرل Resettlement ڈی جی آر کے ساتھ مل کر ہریانہ کے شہر گrروگرام میں، مانیسر کے مقام پر دفاع کے افسروں کیلئے، سرٹیفکیٹ جاری کرنے کے، اپنی قسم کے پہلے پروگرام کا افتتاح کیا۔ دو ہفتے کے اِس سرٹیفکیشن پروگرام میں فوج کی تینوں شاخوں کے تیس سینئر افسران شرکت کررہے ہیں۔ یہ پروگرام اِس ماہ کی 31 تاریخ کو ختم ہوگا۔

پروگرام میں ایئر وائس مارشلز، میجر جنرلز اور Rear ایڈمرلس و دیگر افسران شرکت کریں گے۔ شرکاء نے کارپوریٹ حکمرانی اور اُس کی باریکیوں کو سمجھنے کی اپنی خواہش اور جوش ولولے کا اظہار کیا۔

یہ پروگرام شرکاء کی، کارپوریٹ حکمرانی سے متعلق تصوراتی اور ضابطہ جاتی سوجھ بوجھ میں اضافہ کرنے کے مقصد سے تیار کیا گیا ہے۔ اِس کا مقصد یہ بھی ہے کہ شرکاء کے، ایک غیر منحصر ڈائرکٹر کے رول اور ذمہ داریوں کے تئیں احساسات میں اضافہ کیا جائے، نیز وہ اِس سلسلے میں مزید موثر تعاون دیں اِس میں اُن کی مدد کی جائے-x

## Punjab Hariyali Mission

پنجاب میں، جنگلات اور جنگلاتی زندگی کے تحفظ کا محکمہ ہریالی مشن کے تحت پوری ریاست میں پودے کاری کر رہا ہے۔ اس مہم کے حصے کے طور پر پٹھان کوٹ ضلعے کے شاہ پور کانڈی کی جنگلاتی زمین کے 30 ہیکٹیر رقبے پر ڈرونز کے ذریعے مختلف اقسام کے بیجوں کا چھڑکاؤ کیا گیا۔ ان بیجوں سے 20 دن میں خود بخود پودے اگ آئیں گے جس سے جنگلاتی علاقے میں توسیع ہوگی۔

پیش ہے ایک رپورٹ:

(VC-Shishu Sharma Shantal)

پنجاب میں ہریالی مشن کے تحت، مختلف اقسام کے 3 کروڑ سے زیادہ پودے اُگانے کے منصوبہ ہے۔ اسکے تحت پٹھان کوٹ ضلع کے جنگلوں میں تلسی، آملہ، جامن، برار، بہرا، سواجن اور دیگر بیجوں کو ریت کے چھوٹے گولوں میں ڈال کر ڈرونز کے ذریعے جنگلوں میں گرایا گیا۔

دھر بلاک میں قریب 24 ہزار ہیکٹیئر کا جنگلاتی علاقہ ہے اور گھنے جنگل کی وجہ سے یہاں مزدوروں کی مدد سے پودے نہیں لگائے جا سکتے۔ لہٰذا اس جنگلاتی علاقے میں ڈرونز کی مدد سے 5 لاکھ بیج گرائے جائیں گے۔

## IMD Weather

بھارت کے محکمہئ موسمیاتIMD نے ملک کے مشرقی، شمال مشرقی اور جنوبی حصوں میں اگلے چند روز کے دوران بارش کی وارننگ کا اورینج الرٹ جاری کیا ہے۔

IMD کے مطابق مغربی بنگال، سکم، اروناچل پردیش، بہار، جھارکھنڈ، اوڈیشہ، آسام، میگھالیہ، ناگالینڈ، میزورم اور تری پورہ میں اس مہینے کی 25 تاریخ تک شدید سے بے حد شدید بارش کا امکان ہے۔

تمل ناڈو، پدوچیری، کرائیکل، لکشدیپ، ساحلی کرناٹک، ساحلی آندھرا پردیش، یانم، رایل سیما، تلنگانہ، کے زیادہ تر حصوں میں بھی اسی مدت کے دوران دور دور تک شدید بارش ہونے کا امکان ہے۔

کیرالہ، اور ماہے میں بھی آج دور دور تک بہت شدید بارش ہونے کا قوی امکان ہے۔

موسمیات کے محکمے نے ہماچل پردیش اور اتراکھنڈ میں بھی اِس مہینے کی 26 تاریخ تک شدید بارش کی پیش گوئی کی ہے۔ IMD نے دلی میں ہلکی بارش اور گرج چمک کے ساتھ پورے ہفتے عام طور پر مطلع ابر آلود رہنے کی پیش گوئی کی ہے۔x

## Kerala Rain

IMD نے شدید سے بہت شدید بارش کا اشارہ کرتے ہوئے آج کیرالہ کے 6 ضلعوں میں اورینج الرٹ جاری کیا ہے۔

اورینج الرٹ پتھنم تھٹّا، کوٹّایام، Idukki، ملّاپورم، کوئی کوڈ اور وائناڈ اضلاع کے لئے جاری کیا گیا ہے۔

موسمیات کے محکمے نے ماہی گیروں سے کہا ہے کہ وہ مچھلیاں پکڑنے سمندر میں نہ جائیں کیونکہ کیرالہ اور لکدشیپ کے ساحل سے دور اور اس سے متصل علاقوں میں 55 کلو میٹر فی گھنٹے کی رفتار سے تیز ہواؤں کا موسم رہنے کا امکان ہے۔x

## Bangladesh ICC MENS'S S 2024

بین الاقوامی کرکٹ کونسل، ICCنے خواتین کے T-20 عالمی کپ کے نویں ایڈیشن کو بنگلہ دیش سے متحدہ عرب امارات منتقل کردیا ہے۔ بنگلہ دیش کرکٹ بورڈ، اس انعقاد کے میزبان کے طور پر برقرار رہے گا۔

خواتین کا عالمی کپ متحدہ عرب امارات میں دو مقامات، دوبئی اور شارجہ میں 3 اکتوبر سے 20 اکتوبر کے درمیان کھیلا جائے گا۔

ICC کے چیف ایگزیکیوٹیو Geoff Allardice نے ایک بیان میں اس فیصلے کی تصدیق کرتے ہوئے کہا کہ یہ اعلان کرتے ہوئے مایوسی ہو رہی ہے کہ ٹورنامنٹ منصوبے کے مطابق بنگلہ دیش میں منعقد نہیں کیا جا سکتا۔

متحدہ عرب امارات، جہاں ICC کا صدر دفتر واقع ہے، حالیہ برسوں میں کرکٹ کے لیے اہم مقام بن گیا ہے جہاں کئی کوالیفائر ٹورنامنٹس اور مردوں کے ICC ٹی ٹوئینٹی عالمی کپ 2021 کا عمان کے ساتھ انقاد کیا گیا تھا۔

ٹورنامنٹ کے مقام کو بنگلہ دیش کی بجائے متحدہ عرب امارات منتقل کرنے سے بنگلہ دیش کی چیلنج بھری صورتحال کا اندازہ لگایا جا سکتا ہے، ساتھ ہی کامیاب اور محفوظ انعقاد کے تئیں ICC کے عزم کی بھی عکاسی ہوتی ہے۔x

## U 17 Wrestling Broze

کُشتی میں بھارت کے رونق دہیا نے، 110 Greco-Roman کلو گرام زمرے میں کانسے کا تمغہ جیتا ہے۔ انہوں نے یہ تمغہ اردن کے شہر Amman میں، 17 سال سے کم عمر کی عالمی کشتی چمپئن شپ میں جیتا ہے۔

رونق نے، جو فی الحال دنیا کے دوسرے نمبر کے پہلوان ہیں، ترکی کے Emurullah Capkan کو چھ-ایک سے ہرا کر کانسے کا یہ تمغہ جیتا ہے۔

اِس سے پہلے رونق کو سیمی فائنل میں، ہنگری کے اپنے حریف زولتان زاکو کے ہاتھوں صفر-دو سے شکست کا سامنا کرنا پڑا تھا۔x

یہ تھی خبریں

## PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......ضمیر رضوی

شکریہ - اسلم

راجدھانی دلّی سے آج شائع ہونے والے زیادہ تر اردو اخبارات نے مختلف خبروں کو نمایاں جگہ دی ہے۔

روزنامہ انقلاب نے وزیراعظم نریندر مودی اور ملیشیا کے وزیراعظم انور ابراہیم کے درمیان نئی دلی میں ہوئی ملاقات کی خبر کو صفحہ اول پر جگہ دی ہے۔ اخبار کے مطابق دونوں ملکوں نے سیاحت، تاریخی ورثوں کے تحفظ، مواصلات اور مالیاتی ٹکنالوجی سمیت 8 مفاہمت ناموں پر دستخط کیے ہیں۔

روزنامہ راشٹریہ سہارا نے حکومت کی جانب سے UPSC کے لیٹرل انٹری کے شتہار پر روک لگانے کی ہدایت سے متعلق خبر کو صفحہ اول کی شہ سرخی بنایا ہے۔ عملے اور تربیت کے محکمے نے اس بارے میں UPSC چیئرپرسن کو خط لکھا ہے۔

روزنامہ پرتاپ نے صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کی جانب سے قومی جیولوجیکل ایوارڈز عطا کئے جانے کی خبر کو اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔ اس موقع پر صدر جمہوریہ نے کہا کہ بھارت کو 2047 تک ترقی یافتہ ملک بننے کے لیے معدنی پیدوار میں خود انحصاری حاصل کرنا ہوگا۔

روزنامہ ملاپ نے جموں و کشمیر اسمبلی انتخابات کے پہلے مرحلے کے لیے نوٹفکیشن جاری ہونے کی خبر کو صفحہ اول پر جگہ دی ہے۔ اخبار کے مطابق مرکز کے زیر انتظام علاقے میں 18ستمبر کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1 وزیر اعظم نریندر مودی آج پولینڈاور یوکرین کے تین روزہ دورے پر روانہ ہوں گے۔

2 UPSC نے حکومت کی طرف سے ہدایت ملنے کے بعد، افسر شاہی میں Lateral Entry کا اشتہار منسوخ کردیا ہے۔

3 EPFO میں اِس سال جون میں، 19 لاکھ 29 ہزار لوگ شامل ہوئے۔

4 بھارت نے جاپان سے کہا ہے کہ وہ اہم ٹکنالوجی سے ایک دوسرے کو واقف کرانے کی راہ میں حائل ضابطوں سے متعلق رکاوٹوں کو دور کرے۔

5 لوگوں کو آن لائن بنیاد پرست بنانے کی روک تھام پر دو روزہ بھارت-ای یو علاقائی کانفرنس آج نئی دلی میں شروع ہوگی۔

6 اور بین الاقوامی کرکٹ کونسل نے، خواتین کے 9 ویں ٹی ٹوئنٹی عالمی کپ کو، بنگلہ دیش سے، متحدہ عرب امارات منتقل کردیا ہے۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔